سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان

ہدایت نامہ برائے تشکیلِ کمپنی (انکارپوریشن)
(نئی کمپنی کے اندراج کے لیے مرحلہ وار ہدایت نامہ)
کمپنی ایکٹ 2017 کے تحت

این آئی سی ایل بلڈنگ، 63 ، جناح
ایوینیو
اسلام آباد، پاکستان
فون: 05111111-7327
یو اے این: 0800-88008
سوالات یا معلومات کے لیے:
business.centre@secp.gov.pk

پیش لفظ

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کارپوریٹ سیکٹر کے فرنٹ لائن ریگولیٹر کی حیثیت سے پاکستان میں کاروبار کے لیے ایک موزوں ماحول کی ترویج اور کاروباری سرگرمیوں (entrepreneurship) کی حوصلہ افزائی کے لیے سرگرم عمل ہے۔

کارپوریٹائزیشن اور مستحکم کارپوریٹ گورننس فریم ورک کا انتخاب ایک منظم اور باضابطہ معیشت کو تشکیل دینے کا ایک لازمی جزو ہے۔ اس ضمن میں کاروباری طبقے کے فروغ کے لئے ، ایس ای سی پی نے تشکیلِ کمپنی (incorporation) کے عمل کو قانونی تقاضوں کو سادہ بنا کر، اخراجات میں کمی لاکر اور ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے استعدادِ کار بڑھا کر اور میعار کاری (standardization) کو یقینی بنا کر مزید بہتر بنایا ہے

مزید برآں ، اس عمل کو سندھ اور پنجاب میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو، ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹس انسٹیٹیوشن اور کاروباری اندراج کے پورٹلز کے ساتھ ضم کر کے مزید موثر بنایا گیا ہے جس کی وجہ سے پاکستان میں کسی نئی کمپنی کے قیام کے لیے وقت کے ضیاع اور پریشانی کا بہت حد تک تدارک کر دیا گیا ہے۔ مناسب آگاہی اور رہنمائی کا فقدان پاکستان میں کاروباری اداروں کی رجسٹریشن کی کم شرح کی سب سے بڑی وجہ رہی ہے، اور ایس ای سی پی نے کاروباری سرگرمیوں کے حجم میں اضافے اور کاروبار شروع کرنے کے عمل کو آسان بنانے کے لیے حال ہی میں شروع کیے جانے والے اقدامات کو متعارف کروانے کے لیے کاروباری حضرات (entrepreneurs) اور عوام الناس کے لیے ایک جامع ہدایت نامہ تیارکیا ہے۔

یہ ہدایت نامہ قانونی فریم ورک، فیس سٹرکچر اور درخواست گزاری کے عمل کا مکمل جائزہ فراہم کرتا ہے، جسے صارف کے تجربے کو بہتر بنانے کے لئے تشکیل دیا گیا ہے۔

چیئرمین

فہرست
ہدایت نامہ برائے تشکیل کمپنی (انکارپوریشن)

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	تعارف	
2	کمپنی کی تشکیل کیلیے قانونی فریم ورک	
3	کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنیوں کی قسم	
3.1	بلحاظِ حصص محدود کمپنی	
3.2	بلحاظِ ضمانت محدود کمپنی	
3.3	غیر محدود (ان لیمیٹڈ) کمپنی	
4	کمپنی کے نام میں استعمال ہونے والے الفاظ جن کیلیے پیشگی منظوری / لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے	
4.1	ممنوعہ الفاظ	
5	نام کی بکنگ اور کمپنی کی تشکیل کے لئے درخواست دائر کرنے کا طریقہ کار	
5.1	بنفسِ نفیس درخواست جمع کروانا	
5.2	آن لائن درخواست جمع کروانا	
5.2.1	صارف کا اندراج	
5.2.2	نام کی بکنگ اور تشکیل کمپنی کیلیے آن لائن درخواست جمع کروانا	
5.3	فیس جمع کروانا	
6	غیر ملکی شہری بطور ڈائریکٹر / خریدار ہونے کی صورت میں اضافی دستاویزات	
7	تشکیل کمپنی کا سرٹیفکیٹ	
8	تشکیل کمپنی اور این ٹی این کے اندراج کے لیے ون ونڈو کی سہولت	
9	فیس کا شیڈول	
10	فیس کیلکیو لیٹر	

1. تعارف

کمپنی کا آغاز اور اندراج ایک دلچسپ واقعہ ہے۔ یہ ہدایت نامہ آپ کو ایک نئی کمپنی کے قیام کے آسان اور مرحلہ وار طریقہ کار کے متعلق آپ کی رہنمائی کرے گا، جس کی تفصیلات کمپنیز (انکارپوریشن) ریگولیشنز ، 2017 میں فراہم کی گئی ہیں۔ اس گائیڈ میں مندرجہ ذیل عنوانات شامل

ہیں:

۱۔ کمپنی کی تشکیل کے لیے قانونی فریم ورک
۲۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنیوں کی قسم
۳۔ کمپنی کے نام میں استعمال ہونے والے الفاظ جن کیلیے پیشگی منظوری / لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے
۴۔ نام کی بکنگ اور کمپنی کی تشکیل کے لئے درخواست دائر کرنے کے طریقہ کار
ا۔ بنفسِ نفیس درخواست جمع کروانا
ب۔ آن لائن درخواست جمع کروانا بشمول:

- صارف کا اندراج کیسے کیا جائے
- نام کی بکنگ اور تشکیل کمپنی کیلیے آن لائن درخواست کیسے جمع کروائی جائے
- فیس کی ادائیگی کیسے کی جائے

2.کمپنی کی تشکیل کے لیے قانونی فریم ورک

کمپنی کی تشکیل کو کمپنیز ایکٹ ، 2017 (ایکٹ) کی مختلف شقوں کے تحت ریگولیٹ کیا جاتا ہے جن کو کمپنیز (انکارپوریشن) ریگولیشنز ، 2017 (ریگولیشنز) کی روشنی میں پڑھا جاتا ہے۔ ان ریگولیشنز میں نام کی ریزرویشن اور کمپنی کی تشکیل کے ساتھ ساتھ واحد ممبر کمپنی، نان پرافٹ ایسوسی ایشن، غیر ملکی صارفین اور ان کی سیکیورٹی کلیئرنس کے اضافی قانونی تقاضوں سے متعلق تفصیلی دفعات فراہم کی گئیں ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ یہ نام کی ریزرویشن اور تشکیلِ کمپنی کی درخواست کا نمونہ بھی پیش کرتا ہے۔

3. کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت کمپنیوں کی قسم

کمپنیز ایکٹ ، 2017 کے تحت مندرجہ ذیل تین قسم کی کمپنیاں تشکیل دی جا سکتی ہیں:

- بلحاظِ حصص محدود کمپنی
- بلحاظِ ضمانت محدود کمپنی
- غیر محدود (ان لیمیٹڈ) کمپنی

3.1 بلخاظ حصص محدود کمپنی

بلحاظ حصص محدود کمپنی کا مطلب ایک ایسی کمپنی ہے جس کے شراکت داروں کی ذمہ داری میمورنڈم کے ذریعے اُس رقم (اگر کچھ ہے تو) کی حد تک محدود ہوتی ہے جو بالترتیب ان کی ملکیت میں موجود حصص پر واجب الادا ہو۔ بلحاظ حصص محدود کمپنی کی تشکیل کی مندرجہ ذیل صورتیں ہو سکتی ہیں:

- واحد ممبر کمپنی
- نجی محدود کمپنی
- سرکاری محدود کمپنی

- واحد ممبر کمپنی

واحد ممبر کمپنی (ایس ایم سی) جسے فردِ واحد کمپنی بھی کہا جاتا ہے صرف ایک ممبر / ڈائریکٹر کے ساتھ رجسٹرکروائی جاسکتی ہے۔ لہذا ، ایک شخص قانونی تقاضوں کی تعمیل کرکے ایس ایم سی تشکیل دے سکتا ہے۔
ایس ایم سی کے میمورنڈم کے سبکرائبر کو اپنے کسی رشتہ دار (شریک حیات ، والد ، والدہ ، بھائی ، بہن ، بیٹا یا بیٹی) کو کمپنی ، ایکٹ 2017 (دی ایکٹ)کے سیکشن 14 کے تحت نامزد کرنا ہوتا ہے جو کہ واحد ممبر کی موت کی صورت میں مندرجہ ذیل امور کا ذمہ دار ہوگا:

(i) وراثت کے اسلامی قانون کے تحت طے شدہ جانشینی کے بعد متوفی کے قانونی ورثاء کو حصص کی منتقلی کرنا اور غیرمسلم ممبران کی صورت میں اُن کے متعلقہ قوانین کے تحت ایسا کرنا؛ اور

(ii)کمپنی کے امور کو بطور امین (ٹرسٹی) سنبھالنا، تاوقتیکہ حصص کی قانونی منتقلی نہ ہوجاے

تاہم ، اگر حصص کی منتقلی ایک سے زیادہ قانونی ورثا کو ہوگی تو وہ کمپنی واحد ممبر کمپنی نہیں رہے گی اور ایس ایم سی کو نجی محدود کمپنی میں تبدیل کرنے کے لئے ایکٹ کے سیکشن 47 کی دفعات پر عمل کیا جاے گا۔

- **<u>نجی اور سرکاری محدود کمپنی</u>**

کوئی بھی دو یا دو سے زیادہ افراد کسی قانوناً جائز مقصد کی خاطر اکٹھے ہوکر، میمورنڈم آف ایسوسی ایشن کے تحت اور ایکٹ کے رجسٹریشن سے متعلق تقاضوں کو پورا کرتے ہوے، نجی کمپنی کی تشکیل کر سکتے ہیں۔ اور اس طرح کوئی بھی تین یا تین سے زیادہ افراد یوں مل کر سرکاری کمپنی تشکیل دے سکتے ہیں۔ ایک نجی کمپنی کی مندرجہ ذیل خصوصیات ہیں:

a) حصہ داروں کی تعداد پچاس تک محدود ہوتی ہے؛
b) حصص کی منتقلی پر پابندی/تحدید ہوتی ہے؛ اور
c) عوام کو حصص کی خریداری (سبسکرپشن) کے لیے مدعو کرنے پر پابندی ہوتی ہے۔

تاہم ایسی کوئی بھی پابندی سرکاری محدود کمپنی پر عائد نہیں ہوتی۔

<u>3.2 بلحاظ ضمانت محدود کمپنی</u>

بلحاظ ضمانت محدود کمپنی سے مرد ایسی کمپنی ہے جس کے ممبروں کی ذمہ داری، کمپنی کو بند کرنے کی صورت میں، میمورنڈم کے ذریعہ اتنی ہی رقم تک محدود ہوتی ہے جو وہ کمپنی کے اثاثہ جات میں اپنا حصہ ڈالنے کے لیے انویسٹ کرتے ہیں۔ اس میں ایکٹ کی دفعہ 42 کے تحت رجسٹر شدہ این پی اوز اور بلحاظ ضمانت تشکیل دی گئی محدود کمپنیاں شامل ہیں۔ این پی اوز کو ایکٹ کی سیکشن 42 کے تحت ایسوسی ایشن ود چیرٹ ایبل اینڈ ناٹ فار پرافٹ آبجیکٹس ریگولیشنز، 2018 کی روشنی میں ریگولیٹ کیا جاتا ہے جس کا لنک یہ ہے:
https://www.secp.gov.pk/document/association-with-charitable-and-not-for-profit-objects-regulations-2018/?wpdmdl=31768&refresh=60227aa491fed1612872356

3.3 غیر (ان لیمیٹڈ) محدود کمپنی

غیرمحدود کمپنی کا مطلب ایسی کمپنی ہے جس کے ممبروں کی ذمہ داری (liability) پر کوئی حد نہیں ہوتی۔قانون کے مطابق، کمپنی جس میں ممبران کی ذمہ داری غیر محدود ہو، تشکیل دی جا سکتی ہے۔

4.کمپنی کے نام میں استعمال ہونے والے الفاظ جن کیلیے پیشگی منظوری / لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے:

کمپنیوں کے لیے کچھ نام اور کاروباری سرگرمیوں پر (عمومی طور پر) پابندی ہوتی ہے اور(ایسے نام رکھنے یا ان سرگرمیوں میں حصہ لینے کے لیے) متعلقہ وزارتوں / محکموں کی پیشگی منظوری کی ضرورت ہوتی ہے۔ذیل میں دیا گیا ٹیبل متعلقہ وزارت / محکمہ کے نام کے حوالے سے معلومات فراہم کرتا ہے جس سے پیشگی منظوری کے لیے رابطہ ضروری ہے:

نمبر شمار	کاروبار یا سیکٹر کی بنیادی قسم **Principal line of business/sector**	متعلقہ وزارت یا محکمہ **Relevant Ministry / Department**
1	a) بینکنگ کمپنی b) منی ایکسچینج کمپنی	سٹیٹ بینک آف پاکستان
2	نان-بینکنگ مالی کمپنی کارپوریٹ ریسٹرکچرنگ کمپنی	سپیشلائزڈ کمپنیز ڈویژن (ایس ای سی پی)
3	سیکیورٹی گارڈ سروسز میرج بیوروسروسز	وزارت داخلہ
4	کمنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 42 کے تحت نان پرافٹ ایسوسی ایشن	کارپوریشن اینڈ کمپلائنس ڈپارٹمنٹ (ایس ای سی پی)
5	تجارتی تنظیم	وزارت تجارت سے لائسنس
6	انشورنس کمپنی	انشورنس ڈویژن (ایس ای سی پی)

4.1ممنوعہ الفاظ

مذکورہ بالا کے علاوہ ، کچھ مخصوص نام ہیں جن کی ممانعت ہے اور جن کی تفصیل اس لنک میں دیکھی جا سکتی ہے:

https://www.secp.gov.pk/document/prohibited-words/?wpdmdl=13903

5 .نام کی بکنگ اور کمپنی کی تشکیل کے لئے درخواست دائر کرنے کا طریقہ کار

کمپنی کی تشکیل کے خواہشمند کسی بھی شخص کے پاس مندرجہ ذیل دو آپشن ہونگے:

- کمپنیز (انکارپوریشن) ریگولیشنز، 2017 کے تحت، بنفسِ نفیس درخواست جمع کروانا؛
- آن لائن درخواست جمع کروانا بذریعہ ای سروس جو اس لنک پر دستیاب ہے: https://eservices.secp.gov.pk/eServices

5.1 بنفس نفیس درخواست جمع کروانا

بنفسِ نفیس درخواست جمع کروانے کا مرحلہ وار طریق کار کچھ یوں ہے:

پہلا مرحلہ: نام کی دستیابی کی درخواست:

1. سب سے پہلے **Inc-Form-1 of Regulations** کو ڈاون لوڈ کرنے کے بعد پر کریں۔ نام کی دستیابی کی درخواست اس لنک سے حاصل کی جاسکتی ہے:
https://www.secp.gov.pk/company- formation/formsapplications-schedule-of-filling-of-returns/applications/

2. اس لنک سے مینول چالان فارم تخلیق کریں اور پر کریں:
https://challan.secp.gov.pk/manualChalnGenrator/main.faces
چالان کا پرنٹ لیں اور بینک کی نامزد برانچوں میں فیس جمع کروائیں۔نام کی دستیابی کی فیس **500** روپے ہے۔
3. پُر شدہ **inc-Form-1**بینک میں جمع شدہ اصل چالان کے ساتھ ہمارے نو مختلف شہروں میں واقع کسی بھی کمپنی رجسٹریشن دفتر میں رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔ تفصیل اس لنک میں دیکھیں: https://www.secp.gov.pk/contact-us/

مطمین ہونے پر ، رجسٹرار نام کی دستیابی کا لیٹر جاری کرے گا اور لیٹر جاری کرنے کی تاریخ سے لیکر ساٹھ دنوں تک نام کو محفوظ (ریزرو) رکھے گا۔

دوسرا مرحلہ: درخواست برائے تشکیل کمپنی

1. نام کی دستیابی کے لیٹر کے حصول کے بعد درخواست دہندہ کمپنی کی تشکیل کے لئےریگولیشنز کے **Inc-Form-II** پر درخواست دے سکتا ہے۔ تشکیل کمپنی کا یہ فارم اس لنک سے حاصل کریں:
https://www.secp.gov.pk/company-formation/formsapplications-schedule-of-filling-of-returns/applications/
2. اس لنک سے مینول چالان تخلیق کریں اور پُر کریں:
http://challan.secp.gov.pk/manualChalnGenrator/main.faces
چالان کا پرنٹ لیں اور بینک کی نامزد برانچ میں فیس جمع کروائیں۔ فیس کے کیلکولیٹر سے فیس کا حساب لگایا جاسکتا ہے جو اس لنک میں دستیاب ہے:

https://www.secp.gov.pk/company-formation/fee-calculator/company-%20incorporation-fee-calculator/

3. مکمل طور پر پُر شدہ **Inc-Form-II** بمعہ بینک میں جمع شدہ اصل چالان اور مندرجہ ذیل معاون دستاویزات کے ساتھ نو مختلف شہروں میں واقع ہمارے کمپنی رجسٹریشن دفاتر میں رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں:
   - 3.1 میمورنڈم آف ایسوسی ایشن (نمونہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹس پر موجو د ہے)؛
   - 3.2 آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن ، جہاں ضرورت ہو (نمونہ ایس ای سی پی کی ویب سائٹس پر موجود ہے)؛
   - 3.3 سبسکرائبرز /ڈائریکٹرز /چیف ایگزیکٹو آفیسر/گواہ/ نامزد شخص کےقومی شناختی کارڈ یا نائیکوپ کی نقول یا پھر کسی غیر ملکی کی صورت میں پاسپورٹ کی نقل؛
   - 3.4 کسی سبسکرائبر یا رجسٹرڈ انٹرمیڈی ایری (**intermediary**) کے نام مطلوبہ مالیت کے اشٹام پیپر پر اتھارٹی لیٹر؛
   - 3.5 کسی مخصوص (**specialized**)کاروبار کی صورت میں متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹی سے این او سی/لیٹر آف انٹینٹ/ لائسنس (اگر کوئی ہو تو)؛
   - 3.6 نام کی دستیابی کالیٹر

5.2 نام کی دستیابی اور کمپنی کی تشکیل کے لیے آن لائن درخواست جمع کروانا

آن لائن درخواست جمع کروانے کا مرحلہ وار طریق کار کچھ یوں ہے:

5.2.1 پہلا مرحلہ: صارف کی رجسٹریشن

نام کی دستیابی اور کمپنی کی تشکیل کے لیے آن لائن درخواست جمع کروانے سے پہلے، صارف کی رجسٹریشن کے لیے ذاتی شناختی نمبر (PIN) مندرجہ ذیل طریق کار کے تحت حاصل کرنا ضروری ہے:

1. اس لنک پر کلک کریں: https://eservices.secp.gov.pk/eServices/
2. نئے صارفین Sign up for National or Foreign/POC Holders پر کلک کریں
3. مطلوبہ معلومات فراہم کر کے فارم پُر کریں۔

فارم کامیابی سے پُر کرنے کے بعد، صارف کو مہیا کیے گیے ای میل اور موبائل فون نمبر پر چار ہندسی ذاتی شناختی کوڈ (پِن) وصول ہوگا۔ ذاتی شناختی کوڈ (پِن) مختلف مرحلوں / فارموں پر الیکٹرانک دستخط کرنے کے لیے استعمال ہوگا۔

نوٹ 1:۔ براہ کرم یہ بھی نوٹ کریں کہ سائن اپ کرتے وقت فراہم کردہ شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر اور پاس ورڈ، بعد ازاں صارف کا آئی ڈی اور پاس ورڈ ہوگا۔

نوٹ 2:۔ اگر کسی کمپنی میں ایک سے زیادہ صارفین ہیں ، تو پھر ہر صارف اسی انداز میں کمپنی کی تشکیل کے فارم پر الیکٹرانک دستخط کرنے کے لیے اپنا الگ آئی ڈی اور پاس ورڈ تخلیق کرے گا۔

ذاتی شناختی کوڈ (پِن) حاصل کرنے کے بعد، دستیاب امور (available processes) کی درج ذیل فہرست نظر آئے گی۔

i. کمپنی کے نام کی ریزرویشن (Company Name Reservation)
ii. نام کی ریزرویشن اور کمپنی کی تشکیل (مشترکہ)- (Name reservation and incorporation, combined)
iii. ایل ایل پی نام کی ریزرویشن (LLP Name reservation)
iv. نام کی ریزرویشن اور ایل ایل پی کی تشکیل (Name reservation and incorporation LLP)

نوٹ: صارف نام کی ریزرویشن اور انکارپوریشن کا آپشن (مشترکہ پراسس) منتخب کر سکتا ہے جس میں نام کی ریزرویشن اور انکارپوریشن کا پراسس
بیک وقت جمع کروایا جا سکتا ہے۔ تاہم ، یہ سہولت غیر ملکی کمپنیوں اور اُن کمپنیوں کو دستیاب نہیں ہے جن کے قیام کے لیے کمیشن / دیگر اتھارٹی کی پیشگی منظوری ضروری ہے۔

5.2.2 دوسرا مرحلہ: نام کی ریزرویشن اور کمپنی کی تشکیل کی آن لائن درخواست پُر کریں

(i) نام کی ریزرویشن (*Name Reservation*)

ڈیٹا ان پٹ کے صفحے پر نام کی ریزرویشن یا نام کی ریزرویشن اور انکارپوریشن (دونوں/مشترکہ) کے لیے، کمپنی کے تین مجوزہ نام، کمپنی کی قسم، کمپنی کی اہمیت اور اس کے کاروبار کی بنیادی قسم (*principal line of business*) ڈراپ ڈاون مینیو سے مہیاکریں۔
مطلوبہ قسم کی کمپنی کا انتخاب کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام معلومات صحیح طور پر درج ہے۔
(کمپنیز ایکٹ، *2017* کی دفعہ *26(i)* کے تحت، کاروبار کی بنیادی قسم (*principal line of business*) ہمیشہ کمپنی کے نام کے موافق ہوگی)

ادائیگی کرنے کے لئے ڈراپ ڈاؤن آپشن سے ادائیگی کا طریقہ منتخب کریں:

- بینک چالان
- کریڈٹ کارڈ
- اے ڈی سی ای پے منٹ (ون لنک ممبر بینک، ایزی پیسہ، موبائل بینکنگ، اے ٹی ایم اور انٹرنیٹ بینکنگ)

اگر آپ "بینک چالان" منتخب کرتے ہیں ، تو پھر "*locate bank*" پر کلک کریں ، "بینک کا نام" منتخب کریں ، "شہر کا نام" درج کریں ، "سرچ بٹن" پر کلک کریں اور ایم سی بی بینک لمیٹڈ یا یونائیٹڈ بینک لیمیٹڈ کی دستیاب برانچوں سے بینک برانچ منتخب کریں۔

(ii) کمپنی کی معلومات (*Company Information*)

اس حصے میں کمپنی کے بارے میں معلومات درج کریں جیسے رجسٹرڈ آفس / خط و کتابت کا پتہ ، ٹیلیفون نمبر ، ای میل ایڈریس اور کاروبار کی بنیادی قسم (*principal line of business*)

(iii) مجاز اور ادا شدہ سرمایہ (*Authorized & Paid Up Capital*)

مجازسرمائے (*authorized capital*) سے مراد وہ سرمایہ ہے جو کمپنی کے میمورنڈم کے ذریعہ کمپنی کے شیئر کیپٹل کی زیادہ سے زیادہ رقم ہونے کا مجاز ہوتا ہے۔ کوئی کمپنی اپنے

میمورنڈم کے تحت طے شدہ سرمایہ اکٹھا نہیں کرسکتی۔ ایک کمپنی کم سے کم ایک لاکھ روپے کے مجاز سرمائے کے ساتھ رجسٹر ہو سکتی ہے (جس پر کم سے کم فیس وصول کی جائے گی)۔

ادا شدہ سرمائے(*paid up capital*) سے مراد وہ سرمایہ ہے جو واقعتاً کمپنی کے ممبروں اور حصہ داروں کے ذریعہ اکٹھا کیا جاتا ہے۔

(*iv*) <u>سبسکرائبر/ ڈائریکٹر/چیف ایگزیکٹو کی تفصیلات (Subscriber/*Director/Chief Executive Details*)</u>

اس سیکشن میں سبسکرائبرز ، ڈائریکٹرز ، چیف ایگزیکٹو کی تفصیلات درج کریں ، ڈیٹا انٹری فارم میں قطاروں (*rows*) کوتخلیق اور حذف کرنے کے لیے سسٹم میں "ایڈ" اور "ریمو" کے بٹن مہیا کیے گئے ہیں۔

(*v*) <u>درخواست دہندہ / اعلان کنندہ تفصیلات (*Applicant/Declarant Details*)</u>

اس سیکشن میں درخواست دہندہ (*signatory*)کا نام ، پتہ ، ٹیلیفون نمبر ، ای میل ایڈریس ، شناختی کارڈ / پاسپورٹ نمبر درج کریں۔

(vi) <u>*"جاری" کا بٹن دبائیں (*Press Continue Button)</u>

مند رجہ بالا سیریل نمبر **(i)** سے **(vi)** تک فراہم کردہ ڈیٹا داخل کرنے کے بعد "**continue**" کا بٹن دبانے پر پراسس ڈاکیومنٹ لسٹنگ کا صفحہ (**process document listing page**) ظاہر ہوگا جس پر مندرجہ ذیل ہائپر لنکس ہوں گے:

a) <u>اپڈیٹ فارم ڈیٹا (**Update Form(s) Data**)</u>
درخواست دہندہ اس لنک پر کلک کرکے پہلے سے داخل کردہ ڈیٹا میں ترمیم یا اُسے اپ ڈیٹ کرسکتا ہے

b) **<u>فارمز کا جائزہ لیں(View Forms)</u>**
درخواست دہندہ اس لنک کا استعمال کرکے خودکار طریقے سے تخلیق شدہ (**automatically created**) فارم کا جائزہ لے سکتا ہے۔ یہ ذکر کرنا مناسب ہے کہ یہ صفحہ قابل تدوین نہیں ہے بلکہ صرف جائزے کے لئے دستیاب ہے۔

c) <u>فریق ثالث کے لیے معلومات (**Information for Third Parties**)</u>
اس لنک کو کلک کر کے آفیسر کی اضافی معلومات جیسا کہ سبسکرائبر/ڈائریکٹر کا نام، ذاتی پتہ، ملک وغیرہ مہیا کر نا لازمی ہے تاکہ کمپنی اور اس کے سبسکرائبرز/ڈائریکٹرز کا این ٹی این نمبر تخلیق کیا جا سکے۔ آپ اپنی کمپنی (ایمپلائز اولڈ ایج بینیفٹ انسٹی ٹیوشن (ای او بی آئی) ، پنجاب ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (پی ای ایس آئی) / سندھ ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن (سی ای ایس آئی) ، لیبر ڈیپارٹمنٹ اور صوبہ پنجاب اور سندھ کے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ ای سروس کے ذریعےاضافی معلومات فراہم کر کےاور درخواست جمع کروا کر رجسٹر کروا سکتے ہیں۔

d) نئی اٹیچمنٹ اور تشکیل فارم پُر کریں (**Fill New Attachment and Incorporation Form)**

اس لنک پر کلک کرکے ، درخواست دہندہ دستاویزات پی ڈی ایف فارمیٹ میں منسلک کرسکتا ہے جیسا کہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی ، نام کی دستیابی کا لیٹر وغیرہ۔ (مشترکہ انکارپوریشن کی صورت میں، نام کی دستیابی کے لیٹر کو الگ سے منسلک کرنا ضروری نہیں)۔

e) آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن منسلک کریں (**Fill New Attachment Form Articles of Association)**

اس لنک پر کلک کرکے ، درخواست دہندہ پی ڈی ایف فارمیٹ میں آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کومنسلک کر سکتا ہے۔ تاہم ، اگر ڈیٹا ان پٹ فارم میں داخلے کے وقت ٹیبل-اے کا انتخاب کیا گیا ہے تو ، آرٹیکل کو منسلک کرناضروری نہیں اور مشترکہ پراسس (**combined process**) کی صورت میں، آرٹیکل آف ایسوسی ایشن از خود تخلیق ہو جاے گا۔

f) میمورنڈم آف ایسوسی ایشن منسلک کریں (**Fill New Attachment Form Memorandum of Association)**

اس لنک پر کلک کرکے ، درخواست دہندہ پی ڈی ایف فارمیٹ میں میمورنڈم آف ایسوسی ایشن منسلک کر سکتا ہے۔ مشترکہ پراسس (combined process) کی صورت میں میمورنڈم آف ایسوسی ایشن بنیادی کاروباری قسم (Principal Line of Business/Sector) کا انتخاب کرتے وقت ازخود تخلیق ہو جاے گا۔

نوٹ: براہ کرم نوٹ کریں کہ مذکورہ بالا پی ڈی ایف فائل کے تمام نام مختصر ، سپیس کے بغیر ہونے چاہئیں ، اور کسی خاص حروف (characters) پر مشتمل نہیں ہونے چاہئیں۔

g) نیا بینک چالان پُر کریں (Fill New Bank Challan)

اس لنک پر کلک کرنے سے ، بینک چالان ظاہر ہوگا۔ مجاز سرمایہ اور فائلنگ فیس کی بنیاد پر ای سروس اپلیکیشن کے ذریعے بینک چالان میں مقررہ فیس اور دیگر معلومات از خود درج ہو جائے گی۔ چالان فارم کو محفوظ کرنے کے لیے "Save Form" کا بٹن دبائیں۔
براہ کرم فارم / پراسس کو جمع کروانے سے پہلے چالان پرنٹ اور ادا نہ کریں۔

h) پن استعمال کرتے ہوئے فارمز پر دستخط کریں (Sign Forms Using PIN)

فارمز پر دستخط ذاتی شناختی نمبر (Personal Identification Number) یعنی PIN کے ذریعے ہوتے ہیں۔ واضح رہے کہ ہر سبسکرائبر کے لیے یوزر آئی ڈی سے لاگ ان کرکے اور اپنا متعلقہ PIN داخل کرکے دستاویزات پر دستخط کرنا ضروری ہے۔ جب تمام سبسکرائبرز اپنے متعلقہ PINکے ذریعے فارموں پر دستخط کر لیں گے تو " Submit to SECP " کا بٹن ایکٹو ہو جاے گا۔ اس بٹن پر کلک کرنے سے ، تمام دستاویزات ایس ای سی پی کے پاس جمع ہو جائیں گی اور ایک پراسس ریفرنس نمبر نمودار ہو گا۔ برائے مہربانی اس ریفرنس نمبر کو مستقبل کی خط و کتابت کے لیے اپنے پاس محفوظ کر لیں۔

5.3 تیسرا مرحلہ: فیس کی ادائیگی کرنا

درخواست دہندہ مندرجہ ذیل دو طریقوں سے فیس کی ادائیگی کر سکتا ہے:

- **مینول بینک چالان کے ذریعے ادائیگی**
- **آن لائن طریقوں سے ادائیگی**
  - **بذریعہ کریڈ ٹ کارڈ**
  - **اے ڈی سی ، ای پے منٹ کے ذریعے (ون لنک بینکنگ نیٹ ورک)**
  - **ایم سی بی کی آن لائن فنڈ ٹرانسفرکے ذریعے**

- **<u>مینول بینک چالان کے ذریعے ادائیگی</u>**

پہلے "Submitted Process Link" پر کلک کریں۔ جمع شدہ دستاویزات بمعہ بینک چالان نمودار ہو جائیں گی۔ کلک کریں اور چالان کو کھولیں اور پھر "Press " دبائیں۔ چار کاپیاں خود بخود پرنٹ ہو جائیں گی: اصل کاپی، درخواست دہندہ کی کاپی، بینک کی کاپی اور برانچ کی کاپی۔ فیس ایم سی بی بینک لمیٹڈ / یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ کی نامزد برانچوں میں سے درخواست گزار کی طرف سے منتخب کردہ بینک برانچ میں جمع کروائی جائے گی۔ ادائیگی پر ، بینک برانچ کی کاپی اور بینک کی کاپی اپنے پاس رکھے گا اور اور باقی دو کاپیاں (اصل کاپی اور درخواست گزار کی کاپی) درخواست دہندہ کو واپس کرے گا۔

- **آن لائن طریقوں سے ادائیگی:**

  - **بذریعہ کریڈٹ کارڈ**

سرمایہ کاروں کی سہولت اور ای سروسز میں لین دین کے عمل کو تیز کرنے کے لئے ، ایس ای سی پی نے کریڈٹ کارڈز کے ذریعے فیس کی آن لائن ادائیگی متعارف کروائی ہے۔ یہ سہولت صرف جمع کروانے والوں / درخواست دہندگان کے لئے دستیاب ہے جو ایس ای سی پی کے ای سروس آن لائن سبمیشن آپشن کو استعمال کرتے ہیں اور ای سروسس پورٹل کے ذریعہ لین دین کرتے ہیں۔ کریڈٹ کارڈ کے ذریعے ادائیگی کے لیے، "آن لائن پے منٹ" کے لنک پر کلک کریں ، پھر "میک پے منٹ" کے تحت متعلقہ چیک باکس کو منتخب کریں اور طریقہ کار پر عمل کریں۔
کریڈٹ کارڈز کے ذریعے فیس کی ادائیگی سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم ایس ای سی پی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور آن لائن پےمنٹ گائیڈ ملاحظہ کریں:

https://www.secp.gov.pk/document/eservices-online-payment-guide/?wpdmdl=17369

  - **اے ڈی سی ، ای پے منٹ کے ذریعے (ون لنک بینکنگ نیٹ ورک)**

مزید آسانی کے لیے ایس ای سی پی نے ون لنک ادائیگی کی سہولت متعارف کراتے ہوئے ادائیگی کے آپشن کوتوسیع دی ہے۔ اب انٹرنیٹ بینکنگ ، موبائل بینکنگ ، اے ٹی ایم ، اور ون لنک نیٹ ورک استعمال کرتے ہوے ایزی پیسہ کے ذریعہ فیس ادا کی جاسکتی ہے۔ انٹرنیٹ بینکنگ میں لاگ ان ہونے کے بعد یا اے ٹی ایم مشین میں لاگ ان ہونے کے بعد درخواست گزار کو ایس ای سی پی کو بطور بلر منتخب کرنا ہوگا۔

  - **ایم سی بی کی آن لائن فنڈ ٹرانسفرکے ذریعے**

ایس ای سی پی نے ایم سی بی کے ساتھ مل کر درخواست گزار کے ایم سی بی اکاؤنٹ سے آن لائن فنڈ ٹرانسفر کے ذریعے براہ راست MCB میں ایس ای سی پی کے بینک اکاؤنٹ میں فیس ادا کرنے

کے لئے "آن لائن فنڈ ٹرانسفر (او ایف ٹی)" کابھی بندوبست کیا ہے۔ اس طرح درخواست گزار کو فیس جمع کروانے کی غرض سے بنفسِ نفیس بینک جانے کی ضرورت نہیں۔ یہ سہولت صرف اُن جمع کروانے والوں / درخواست دہندگان کے لئے دستیاب ہے جو ایس ای سی پی کے آن لائن سبمشن آپشن کا استعمال کرتے ہیں اور ای سروسس پورٹل کے ذریعہ لین دین کرتے ہیں۔
ایم سی بی کی OFT سہولت سے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے ، براہ کرم ایس ای سی پی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور آن لائن فنڈ کی منتقلی کی گائیڈ لائنز دیکھیں جو کہ مرکزی صفحے (main page) پر دستیاب ہیں۔
ای سروسز کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ، براہ کرم یہ لنک وزٹ کریں:
https://eservices.secp.gov.pk/eServices/

6 غیر ملکی شہری کے بحیثیت ڈائریکٹر / خریدار ہونے کی صورت میں اضافی دستاویزات:

کسی غیر ملکی فرد یا غیر ملکی ادارے کے مجوزہ کمپنی میں حصہ دارہو نے کی صورت میں ،سیکیورٹی کلیئرنس کے لئے مندرجہ ذیل اضافی دستاویزات درکار ہو ں گی:

1. ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر موجودایک مقررہ فارمیٹ پر ایک معاہدہ (اصل کاپی میں) جس میں واضح کیا گیا ہو کہ اگر متعلقہ محکمہ کی طرف سے سیکیورٹی کلیئرنس فراہم نہ کی گئی ہے تو ممبر حصص منتقل کردے گا۔
2. تمام غیر ملکیوں کے سی وی / بائیو ڈیٹا کی پانچ کاپیاں (بشمول قومیت ، ملک کا نام ، مقامی اور غیر ملکی پتہ ، مقامی اور غیر ملکی رابطہ نمبر ، والد کا نام) پاسپورٹ سائز کی تصاویر کے ساتھ
3. غیر ملکی کمپنی کا پروفائل ، اس کے ڈائریکٹرز کی فہرست (ان کی قومیت اور پیدائشی ملک کے ساتھ) اور اس کے قانون(statute) اور سرٹیفکیٹ آف انکارپوریشن کی مصدقہ کاپیاں۔
4. غیر ملکی کمپنی کی بی او ڈی کی قرارداد جس میں پاکستان میں کسی کمپنی کی تشکیل کے ارادے کی وضاحت کی گئی ہو اور جس میں مجوزہ شیئر ہولڈنگ اور اس شخص کی نامزدگی شامل ہو جو غیر ملکی کمپنی کی نمائندگی کرے گا۔

7 سرٹیفکیٹ آف انکارپوریشن

کامیابی کے ساتھ پراسس کو جمع کرانے اور مطلوبہ فیس کی ادائیگی کے بعد ، دستاویزات پر متعلقہ کمپنی کے رجسٹریشن آفس (سی آر او) کے طرف سے کارروائی کی جاے گی اور ای میل کے ذریعےانکارپوریشن کا آن لائن سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا۔

8 کمپنی کی تشکیل اور این ٹی این کی رجسٹریشن کے لیے ون ونڈو کی سہولت

این ٹی این کی مفت رجسٹریشن کے لئے ایس ای سی پی کے ذریعہ جمع کردہ ڈیٹا ایف بی آر کے ساتھ شیئر کیا جاتا ہے۔ ایف بی آر کے طرف سے تخلیق شدہ یوزر آئی ڈی پاس ورڈ اور پِن (PIN) ایف بی آر میں رجسٹریشن مکمل ہوتے ہی کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کے ای میل ایڈریس اور سیل نمبر پر بھیج دیا جاتا ہے۔

9فیس کا شیڈول

ایکٹ کے تحت ، کمپنی کی قابل ادا رجسٹریشن اور فائلنگ فیس مندرجہ ذیل لنک

پر دستیاب ہے:
https://www.secp.gov.pk/company-formation/fee-calculator/schedule-of-feesixth-schedule/

10فیس کا کیلکولیٹر

کارپوریٹ سیکٹر اور عوام الناس کی سہولت کے لیے، فیس کیلکولیٹر اس لنک پر فراہم کیا گیا ہے جس کا مقصد رجسٹریشن فیس اور مجاز سرمائے (authorized capital) میں اضافے کےحساب کو بروقت اور آسان بنانا ہے: https://www.secp.gov.pk/company-formation/fee-calculator/company-incorporation-fee- calculator/

انتباہ (ڈسکلیمر)
یہ گائیڈ متعلقہ معاملات کے تصور سے آگاہی پیدا کرنے کے ارادے سے تیار کی گئی ہے۔ اگر قاری کو کسی خاص نکتے یا صورتحال سے متعلق شک ہے تو ، تو اُسے ایکٹ اور دوسرے متعلقہ قوانین کو ملاحظہ کرنا چاہیے اور کسی پیشہ ور مشیر سے مشاورت کرنا چاہیے۔ کمیشن اس ضمن میں کوئی حتمی ضمانت نہیں دیتا اور معلومات میں کسی غلطی یا کمی کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ہے اور کوئی بھی شخص یہاں فراہم شدہ معلومات کو کسی دعوے ، مطالبے یا کارروائی کی وجوہ کے طور پراستعمال نہیں کرسکتا ہے۔

کمپنی رجسٹریشن دفاتر / سہولت مراکز کی فہرست

کراچی
کمپنی رجسٹریشن آفس،
فورتھ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 2 کراچی

فون: 021-99002062
فیکس:021-99213279

ای میل: crokarachi@secp.gov.pk

لاہور
کمپنی رجسٹریشن آفس

تھرڈ اینڈ فورتھ فلورز، ایسوسی ایٹڈ ہاوس،

7-ایگرٹن روڈ، لاہور

فون: 042-99104062
فیکس: 042-99202044
ای میل: crolahore@secp.gov.pk

اسلام آباد
کمپنی رجسٹریشن آفس
سٹیٹ لائف بلڈنگ، 7۔ بلیو ایریا، اسلام آباد
فون: 051-9208740
فیکس: 051-9206893
ای میل: croislamabad@secp.gov.pk

پشاور
کمپنی رجسٹریشن آفس
فرسٹ فلور، سٹیٹ لائف بلڈنگ
دی مال، پشاور کینٹ
فون: 091-9213178
فیکس: 091-9213686
ای میل: cropeshawar@secp.gov.pk

ملتان
کمپنی رجسٹریشن آفس
63-A نوائے وقت بلڈنگ، ابدالی روڈ، ملتان
فون: 061-9200530
فیکس: 061-9200530
ای میل: cromultan@secp.gov.pk

فیصل آباد
کمپنی رجسٹریشن آفس
356-A ، الجمیل پلازہ
فرسٹ فلور، پیپلز کالونی، سمال ڈی گراونڈ
فیصل آباد
فون: 041-9220284
فیکس: 041-9220152
ای میل: crofsb@secp.gov.pk

کوئٹہ
کمپنی رجسٹریشن آفس
382/3 (آئی ڈی بی پی ہاوس)، شاہراے حالی، کوئٹہ کینٹ
فون: 081-2844136
فیکس:081-2899134
ای میل: croqta@qta.paknet.com.pk

سکھر
کمپنی رجسٹریشن آفس
ہاوس نمبر28، ہمدرد ہاوسنگ سوسائٹی
ائیرپورٹ روڈ، سکھر
فون: 071-5633757
فیکس: 071-5630517
ای میل:croskr@hotmail.com

گلگت
کمپنی رجسٹریشن آفس
ہاوس نمبر 2، ایوب کالونی
نزد اپنا بینک، جٹیال، گلگت
فون:05811-922572
ای میل:nadeem.abbasi@secp.gov.pk

بزنس سنٹر اسلام آباد
میزانائن فلور، این آئی سی بلڈنگ، جناح ایوینیو، بلیو ایریا
اسلام آباد
فون: 051-9195118-9195252
ای میل: business.centre@secp.gov.pk